لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ ربیع الاول ۱۳۴۴ھ مطابق ۵ اکتوبر ۱۹۲۵ء	نمبر ۴۰

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ نمبر
۱	رخصت بابو رام پرشاد ہیڈ کلرک دفتر انگریزی	۲۰۱
۲	ترمیم تعطیلات مدارس متعلقات	۲
۳	موقوفی مختار عام	ایضاً
۴	روئداد کمیٹی میونسپلٹی	ضمیمہ
۵	نقشہ بارش و نقشہ نرخنامہ اجناس	ایضاً

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ ستمبر ۱۹۲۵ء

چٹھی بورڈ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید چٹھی بابو رام پرشاد ہیڈ کلرک دفتر انگریزی مشاہرہ واری ۵۰ بدیں طور کہ بمجرائی تنخواہ ۲۵ رخصتی کو اور ۲۵ ماہانہ جودی لال کلرک دارالانشاء کو بطور الاؤنس

بابو رام پرشاد کی مزید رخصت سہ ماہ بانضمام سابقہ بعد راحت منظور کیجاتی ہے گرایام رخصت میں پچیس روپیہ بابو رام پرشاد کو اور پچیس روپیہ ماہوار الاؤنس

بابو ہنوری لال کو طلا کرے ۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

بغرض اجراء احکام صدر کو مرسل ہو۔ ۲۳ ستمبر ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۲ ستمبر ۱۹۲۵ء

بموجب رپورٹ ترمیم منظور کیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہونیکے لیے کاغذات واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

برائے عرض   ہیر ساندہ

جناب عالی

حکم منظوری تعطیلات مصدرہ ۳۰ اگست ۱۹۲۵ء مین حسب ذیل ترمیم کی ضرورت ہے۔

تعطیل فصل خریف بجائے ۲۱ یوم کے ۱۵ یوم

تعطیل فصل ربیع بجائے ۲۱ یوم کے ۱۵ یوم

تعطیل امتحان سالانہ بجائے ۳۰ یوم کے ۱۵ یوم

لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہے

دولت و اقبال جاوید باد

دستخط صاحب ...

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی مختار عام

۲۳ ستمبر ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر دربارہ تصدیق درخواست صفدر علیخان ولد مہدی علیخان بابت علیحدگی حفظ الباری خان مختار عام از کار مختاری

حکم

صفدر علی خان ولد مہدی علیخان نے حفظ الباری خان مختار عام کو اپنی مختارکاری سے موقوف کر دیا ہے ۔ درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرمائیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۔ ۱۲؍

التوحید ۔ یہ کتاب جامع عامری کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید و صفات سے مفصل بحث کیگئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۔ ۱۲؍

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب جلد چہارم جلد اول جامع عامری کے ضمیمات مین ہے جو دراصل محمد بن عقیل دمشقی کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب اسمین اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک عمرف ۔ ۸؍

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست معرفت صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر پی ۔ ڈبلو ۔ ڈی ۔ و صنعت و حرفت ریاست رامپور

واقع ۲۴ ہر جون ۱۹۲۵ء

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۱۹ ہر جون ۱۹۲۵ء پیش ہو کر ملاحظہ ہوئے دفعہ ۲ کی بابت کاغذات متعلقہ پر حکم ہوا ہے کہ ملاحظہ کاغذات محرر چنگی کی بددیانتی نہیں پائی گئی البتہ غفلت ضرور ہے اسلئے تجویز ممبران کمیٹی منظور ہے لہذا حکم ہوا کہ اصل بذایع روئداد منسلکہ بغرض کارروائی ضابطہ خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے واپس ہو اور نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع میں بھیجی جاوے اور نسبت منظوری جرمانہ احکام ضابطہ علیحدہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب سکرٹری بہادر صنعت و حرفت

روئداد جلسہ میونسپل جنرل کمیٹی تصفیہ شدہ منعقدہ ٹاون ہال واقع میونسپل آفس

محررہ ۱۹ ہر جون ۱۹۲۵ء

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		مولوی اعجاز حسین صاحب	صاحب میونسپل افسر	۱- صاحبزادہ سید قدرت علی صاحب بہادر ۲- عزیز الحسن خانصاحب	۱- ماسٹر ... صاحب ممبر ۲- لالہ رام کشور صاحب ممبر ۳- لالہ طوطا رام صاحب ممبر ۴- جاگیردار مبارک علی خان صاحب ممبر ۵- منشی اصغر علی خان صاحب ممبر ۶- ساہو شب چرنداس ممبر ۷- چودہری جانکی پرشاد صاحب			
۱	کاغذات عرضی نوشہ ولد محمد امین شیخ سکنہ کٹ کوئیا باستدعا تعمیر مکان						جلسہ کمیٹی منعقدہ ۲۲ ہر مئی سنہ حال کو اجازت تعمیر مکان و دروازہ کے مطابق بینارہ سے نوشتہ	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسمار ممبران ملازم سرکار	اسمار ممبران پبلک	نمبر تجویز	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	شمول عذرداری محی الدین خان						اس بنا پر دیگئی تھی کہ محی الدین خان عذردار نے اس وقت تک کوئی ثبوت کافی اپنی آراضی ہونیکا نہیں پیش کیا تھا ۲۶ مئی ۱۹۲۵ء کو عذرداری نقل فیصلہ عدالت دیوانی منفصلہ ۱۰ فروری ۱۹۱۹ء پیش کیا جو شمول مثل بغرض معائنہ موقع و دریافت رائے منشی صفدر علی خان صاحب ممبر حلقہ کے پاس بھیجا گیا جس پر ممبر صاحب حلقہ نے بعد معائنہ موقع رجانچ یہ کاغذات پیش کئے اور نوشہ اجازت خواہ کے بیعنامہ مین زائد آراضی درج ہونیکا اور تجویز کمیٹی ۲۲ مئی ۱۹۲۵ء منسوخ کرنیکا اظہار کیا لهذا بالاتفاق یہ تجویز ہوئی کہ تجویز کمیٹی اجازت تعمیر منعقدہ ۲۲ مئی ۱۹۲۵ء منسوخ کیجائے۔ اور ذریعہ سپرنٹنڈنٹ حلقہ فریقین کو اطلاع دیجائے	
۲	عرضی امتیاز علی مرزا ولد محمد علی مرزا سکنہ کٹ کونیا باستدعا برآمدگی ایک کھڑکی جدید۔					۲	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب حلقہ و سپرنٹنڈنٹ حلقہ ایک کھڑکی کی اجازت باخذ نذرانہ ایک روپیہ دیجاتی ہے۔	
۳	عرضی بھرین بقال سکنہ سرائے باستدعا تعمیر مکان و دروازہ قدیم برابر کو ہٹا کر بلاتبدیل سمت و برآمدگی یکدروازہ جدید					۳	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ تعمیر مکان کے بنیاد سابقہ و دروازہ قدیمی کو ہٹا کر یک دروازہ جدید باخذ نذرانہ دو روپیہ اجازت دیجاتی ہے	
۴	رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی دربارہ کئے جانے جرمانہ بر امیر شاہ محرر متعینہ چوکی پہاڑی دروازہ بقصور نکرنے نگرانی					۴	بتاریخ ۱۰ مئی سنہ حال وقت ساڑھے گیارہ بجے شب کے رام پرشاد سپاہی چنگی نے ایک ٹنڈی قیمتی بارہ روپیہ آٹھ آنہ از ان حشمت علی نداف بلا ادائے محصول چنگی راستہ مین روکی جو حشمت علی نداف بازار برسے سے خرید کے صالح محمد کی ٹنڈی مین چوکی پہاڑی دروازہ سے گزر کر اخفا کرکے لایا سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی نے بیانات لگا ڈی بان رمالاک لل و امیر شاہ خان محرر متعینہ چوکی پہاڑی دروازہ	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسمار ممبران ملازم سرکار	اسمار ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							لکہ کرشامل کئے ہین سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی نے رپورٹ مورخہ ۱۰ ماہ جون ۱۹۲۵ء مین تحریر کیا ہے کہ عذر محرر فضول اور قابل سماعت نہین ہے اور آزندہ مال غریب ہر اُس سے ایکروپیہ سوا پندرہ آنہ محصول چنگی بجائے بارہ روپیہ آٹھ آنہ کا لیکر امانت کرلیا گیا ہے امیر شاہ خان محرر متعینہ چوکی مذکور پر ایکروپیہ سوا پندرہ آنہ بقصور نگرانی جرمانہ فرماکر موازی ساڑھے پندرہ آنہ رام پرشاد سپاہی خواندہ اطلاع دہندہ کو بصلہ حسن کارکردگی و خیرخواہی نفع سرکار بعد قبضہ مرحمت فرمائے جائین تاکہ آئندہ ہر ملازمان چنگی کو حوصلہ ہو اور بقیہ موازی پونے سولہ آنہ در ایکروپیہ پونے سولہ آنہ جو امانت مین کل رقم دو روپیہ ساڑھے پندرہ آنہ سے بحق سرکار ضبط ہین لہذا بالاتفاق تجویز ہوی کہ رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی مفصل ومناسب ہے بامید منظوری وصدور حکم باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر صنعت وحرفت وتعمیرات پیش ہو۔	

تمت

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۲۳ لغایت ۲۹ ستمبر ۱۹۲۵ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۳ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم چہارشنبہ	۰	۳۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۰	۰	۵۰۲	۰	۵۵۹
۲۴ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم پنجشنبہ	۰۰	۳۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۶	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۲۵ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم جمعہ	۰	۳۹۴	۰	۵۰۲	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۵۰۰	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۲۶ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم شنبہ	۰	۳۹۴	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	۰	۵۰۶	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۲۷ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم یکشنبہ	۰	۳۹۴	//	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۲۸ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم دوشنبہ	۰	۳۹۴	//	۰	//	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۵۵۶
۲۹ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم سہ شنبہ	۰	۳۹۴	//	۰	//	۰	//	۰	//	۰	۰	۵۵۶

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۷ ستمبر لغایت ۳ اکتوبر ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۹ر۱	۶ر۱۰		۷ر۸	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۸ر۱	۷ر۱۰		۸ر۱	
نخود سنہ آمیز			۹ر۱	۸ر۱۰		۵ر۱	
[illegible]			۹ر۱	۹ر۱		۸ر۱۰	
ماش			۰	۹ر۱		۷ر۱	
مونگ			۰	۹ر۱		۵ر۱	
مکا			۰	۹ر۱		۹ر۱	
جنی			۰	۱۰ر۱		۱۱ر۱	
گوجئی			۰	۷ر۱۰		۸ر۱	
عدس			۰	۹ر۱		۸ر۱	
ارہر			۰	۰		۱۰ر۱	
برنج			۳ر۱	۹ر۱		۵ر۱۰	
روغن زرد			۲ر۱	۲ر۱		[illegible]	
روغن سیاہ			۱ر۱	۱ر۱		۱ر۱	
روغن کنجد			۰	۲ر۱		۱ر۱	
نمک سانبھر			۱۲ر۱	۱۰ر۱		۱۱ر۱	
نمک لاہوری			۹ر۱	۸ر۱		۸ر۱	
قند سیاہ			۳ر۱	۳ر۱۰		۳ر۱	
باجرہ			۰			۰	